# "الوداع اے سرزمینِ شام تجھے آخری سلام،
# اب کبھی دوبارہ ملاقات نہیں ہوگی"



یرموک کی لڑائی نے یہ فیصلہ کردیا تھا کہ آئندہ سرزمینِ شام کس کے ماتحت ہوگی۔ جب یرموک سے رومیوں کی شکستِ فاش کی خبر انطاکیہ میں ہرقل کے پاس پہنچی تو وہ گہرے غم میں ڈوب گیا۔ دیر تک وہ اسی طرح سر جھکائے بغیر کچھ بولے خاموشی سے زمین کو گھورتا رہا۔ پھر اس نے شاہی خادموں کو کوچ کی تیاری کا حکم دیا۔ پورے محل میں افسردگی طاری ہوگئی۔ شاہی نشانات اور جھنڈے اتار لیے گئے۔ فوجی قلعوں کو خالی کرکے شام سے واپس اناطولیہ یا قسطنطنیہ پہنچ جانے کے احکامات روانہ کردیے گئے۔ یہ اس بات کی علامت تھی کہ اب شام سے بازنطینی اقتدار، جو صدیوں سے قائم تھا، ختم ہو چکا ہے۔

مؤرخین لکھتے ہیں کہ یہاں سے روانہ ہوتے وقت ہرقل جب شامی سرحد زہا (اڈیسہ) پہنچا تو ملکِ شام پر آخری نظر ڈالتے ہوئے حسرت سے بولا:

"الوداع اے سرزمینِ شام، تجھے آخری سلام۔ اب کبھی دوبارہ ملاقات نہیں ہوگی۔"

مؤرخین کے بقول ہرقل اسی دن اپنا ساز و سامان سمیٹ کر قسطنطنیہ کوچ کر گیا تھا اور ایشیا کو ہمیشہ کے لیے خیرآباد کہہ دیا تھا۔ بعض کہتے ہیں کہ گیا نہیں تھا البتہ کوچ کی تیاری شروع کردی تھی، وہ سمجھ گیا تھا اب شام کسی صورت ہمارے قبضہ میں نہیں رہے گا۔

سینکڑوں سال پرانے شہر بیت المقدس کی آبادی اس وقت بیس ہزار سے متجاوز تھی۔ بڑے بڑے پتھروں سے بنا یہ قدیم ترین شہر کئی انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کا مسکن رہا ہے۔ مسلمانوں کا پہلا قبلہ اول بھی اسی شہر میں موجود ہے۔ یہیں وہ مسجد ہے جس میں نبی کریم ﷺ نے تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی امامت کی اور آپ امام الانبیاء [] کہلائے۔ اسی جگہ سے آپ ﷺ معراج کے لیے روانہ ہوئے۔ پتھروں سے بنے اس قدیم ترین شہر نے کئی لڑائیاں برداشت کی ہیں۔ سینکڑوں مرتبہ اس پر چڑھائی کی گئی اور اس شہر کو تباہ کیا گیا۔ بے شمار لشکروں کا سامنا اس شہر کی فصیلوں اور دروازوں نے کیا۔ ابھی چند سال پہلے ہی اس پر شہنشاہ روم ہرقل نے فارسیوں کو شکست دے کر اپنا قبضہ جمایا تھا اور یہ شہر دوبارہ بازنطینی اقتدار کے تحت آ گیا تھا۔

لیکن اب اس کے اونچے درودیوار کے سامنے نبی کریم ﷺ کے اصحاب خیمہ زن ہو رہے تھے۔ ایک دن ایک سالار اپنے لشکر کو لے کر یہاں پہنچا، دوسرے دن دوسرا پہنچا، تیسرے دن تیسرا سالار بھی پہنچ گیا۔ یوں ترتیب وار سب کے سب اصحابِ رسول ﷺ اور شام کے فاتحین یہاں جمع ہو چکے تھے۔ جب آخری لشکر حضرت امین الامتؓ کی قیادت میں یہاں پہنچا تو سب مسلمانوں نے مل کر اتنی اونچی آواز سے نعرہ تکبیر لگایا کہ اندر شہر کے باشندے ہل کر رہ گئے۔

شہری فصیل پر کھڑے دیکھ رہے تھے کہ مسلمانوں نے ہر طرف سے محاصرہ کرلیا ہے مگر وہ نہ تو مسلمانوں سے بات کرتے تھے نہ لڑائی۔ بلکہ یوں ظاہر کرتے تھے جیسے ان کو محاصرے یا حملے کی کوئی فکر ہی نہ ہو۔ یہاں تک کہ چار دن اسی طرح گزر گئے۔ پانچویں دن مسلمانوں کی طرف سے ایک نمائندہ ان کے پاس گیا اور ان کو اپنے مطالبات پیش کیے۔ انھوں نے ماننے سے انکار کردیا۔ اس کے بعد مسلمانوں نے فصیل کے قریب جا کر حملہ کرنے کی کوشش تو اہلِ شہر نے اوپر سے سنگ باری اور تیر برسائے۔ پورا دن یہی سلسلہ چلتا رہا۔ دونوں طرف سے تیروں اور پتھروں سے حملے ہوتے رہے مگر کوئی بھی فریق کسی خاطر خواہ کامیابی کے قریب نہ پہنچ سکا۔

جب دس بارہ دن اسی طرح گزر گئے تو اہلِ شہر اپنے



سب سے بڑے پادری کے پاس اس کے کلیسا میں پہنچے۔ سجدہ تعظیمی کرنے کے بعد کہنے لگے:

"اے مقدس باپ! باہر مسلمانوں کا سردار اپنا لشکر لیے پڑا ہے۔ ہر طرف سے ہم محاصرے میں ہیں۔ آپ کوئی حل بتائیں کہ کیا کیا جائے؟"

پوپ نے جب یہ سنا کہ مسلمانوں کا سردار یہاں پہنچ گیا ہے تو اس کا رنگ فق ہوگیا۔ اس نے چیخ کر پوچھا:

"کیا؟ مسلمانوں کا سردار یہاں آ گیا ہے؟!"

رومیوں نے کہا:

"جی مقدس باپ! وہ شہر کے باہر موجود ہے۔"

پوپ نے کہا:

"اگر واقعی وہی سردار یہاں آچکا ہے جس کی نشانیاں ہماری کتابوں میں ہیں، تو ہم سب کی بہتری اسی میں ہے کہ یہ شہر پرامن طریقے سے اس کے حوالے کردیں۔ کیوں کہ ہم اپنی مقدس کتابوں میں پڑھ چکے ہیں کہ محمد عربی ﷺ کا ایک صحابی اس شہر کا فاتح ہوگا۔"

شہریوں نے کہا:

"لیکن ہم اس کو کیسے پہچانیں گے؟"

پوپ بولا:

"مجھے فصیل پر لے چلو اور اس کو میرے سامنے بلا لو، میں دیکھ کر پہچان لوں گا۔"

چنانچہ شہری اس پوپ کو لے کر فصیل کی جانب چلے۔ ایک بڑی صلیب اور بہت سے پادری اس کے اردگرد چل رہے تھے۔ شہریوں کا بھی ایک بڑا جلوس اس کے پیچھے پیچھے روانہ ہوا۔ جب وہ فصیل پر پہنچ گیا تو ایک عربی جاننے والے شخص نے مسلمانوں کو پکارا:

"اے مسلمانو! کچھ دیر کے لیے لڑائی بند کرو تاکہ ہم بات چیت کرسکیں۔"

مسلمانوں نے تیراندازی بند کی اور ایک سپاہی اس کی بات سننے کے لیے آگے بڑھا۔ اسے دیکھ کر اس رومی نے کہا:

"ہمارے پاس تمھارے اس سردار کی تمام نشانیاں محفوظ ہیں جس نے یہ شہر فتح کرنا ہے۔ اگر وہ شخص تم میں موجود ہے تو اُسے سامنے لاؤ، ہم پرامن طریقے سے یہ شہر تمھارے حوالے کردیں گے۔ اگر وہ موجود نہیں تو ہم قیامت تک لڑتے رہیں گے مگر شہر حوالے نہیں کریں گے۔"

یہ سن کر وہ سپاہی حضرت امین الامتؓ ابوعبیدہ ابن الجراحؓ کے پاس گیا اور ساری بات بتائی۔ آپ نے کہا:

"ٹھیک ہے میں تمھارے ساتھ چلتا ہوں۔"

یہ کہہ کر آپ اس مسلمان کے ساتھ آگے فصیل کے پاس آئے اور اس پوپ کے سامنے کھڑے ہوگئے۔ اس نے آپ کا بغور مشاہدہ کیا۔ آپ سے اس نے کوئی بات نہیں کی۔ اس کے بعد اپنے لوگوں کی طرف رخ کر کے کہا:

"یہ وہ شخص نہیں ہے۔ لہٰذا خوب دل کھول کر لڑو۔"

یہ کہہ کر وہ اپنے کلیسا میں جس کا نام "قمامہ" تھا چلا گیا۔

حضرت امین الامتؓ واپس لشکر میں تشریف لائے۔ اسی کے ساتھ رومیوں کی طرف سے پھر تیراندازی اور سنگ باری شروع ہوگئی۔

حضرت خالد بن ولیدؓ نے آپ سے پوچھا:

"حضرت کیا بنا؟"

آپ نے فرمایا:

"کچھ نہیں۔ وہ آیا اور اس نے خاموشی سے مجھے دیکھا پھر واپس چلا گیا۔ اس کے جاتے ہی رومی پھر لڑنے لگے۔"

حضرت خالد بن ولیدؓ نے کہا:

"حضرت ضرور اس میں کوئی راز چھپا ہوا ہوگا۔ ان شاءاللہ وہ جلد ظاہر ہو جائے گا۔"

اس کے بعد مسلمانوں کی طرف سے یمنی تیر اندازوں نے حملہ شروع کیا اور فصیلوں پر موجود کئی رومی ایک ہی حملے میں نمٹا دیے۔ دوسری طرف سے بھی سخت برسات ہوئی مگر مسلمان پیچھے ہٹ گئے جس کی وجہ سے وہ نقصان سے محفوظ رہے۔

مسلمانوں نے چار مہینے سے زیادہ اس شہر کا محاصرہ کیے رکھا۔ یہ سخت سردی کا موسم تھا۔ اس کے باوجود مسلمان وہاں جمے رہے۔ روزانہ یا دوسرے دن فصیل اور دروازوں پر جھڑپیں ہوتیں رہتی تھیں۔ رومیوں کی سوچ تھی کہ مسلمان تنگ آ کر یہاں سے چلے جائیں گے مگر وہ یہاں سے نہیں ہلے۔

جب انھوں نے دیکھا کہ یہ تو موسم کی سختی کے باوجود یہاں بیٹھے ہیں اور واپسی کے کوئی آثار نظر نہیں آ رہے تو سب جمع ہو کر دوبارہ پوپ کے پاس کلیسا میں پہنچے اور کہا:

"اے مقدس باپ! کچھ کیجیے۔ ہم محاصرے سے بہت تنگ آ چکے ہیں۔ روزمرہ کی ضروریاتِ زندگی بھی ختم ہو رہی ہیں۔ آپ ہی ہمارے بڑے ہیں۔ آپ کچھ کیجیے۔"

ان کی التجا سن کر پوپ نے مذاکرات کی ہامی بھر لی۔ پھر اس نے اپنا مخصوص لباس پہنا اور کلیسا سے باہر نکلا۔ اس کے اردگرد پادریوں کا جلوس تھا جنہوں نے صلیبیں اور انجیل اٹھائی ہوئی تھی۔ خوشبودار دھونی اور متبرک پانی کا چھڑکاؤ کیا جا رہا تھا۔ ایک بہت بڑا جلوس پوپ کے ہمراہ فصیل تک پہنچا۔

پھر ایک شہری نے آواز لگائی:

"اے مسلمانو! ہمارا مقدس باپ تم سے بات کرنا چاہتا ہے۔ لہٰذا اپنے سردار کو بھیج دو تاکہ وہ بات چیت کرسکے۔"

حضرت امین الامتؓ کو اس کی اطلاع دی گئی تو آپ ایک ترجمان اور دیگر اصحاب کے ساتھ فصیل کی طرف چلے۔ جب آپ اس کے سامنے پہنچ گئے تو وہ بولا:

"تم لوگ ہم سے کیا چاہتے ہو؟"

حضرت امین الامتؓ نے ترجمان کے ذریعے ان کے سامنے اپنے تین مطالبات رکھے:

اول: اسلام قبول کرلیں۔
دوم: جزیہ دینا قبول کرلیں۔
سوم: جنگ کریں۔"

اس نے اول اور دوم مطالبات ماننے سے صاف انکار کردیا۔ تیسرے کے بارے میں اس نے کہا:

"تمھیں معلوم ہے یہ شہر ایک مقدس شہر ہے۔ اس کی تعظیم سب بڑے مذاہب کرتے ہیں۔ اس لیے یہ شہر ہم کبھی بھی آپ کے حوالے نہیں کریں گے چاہے آپ بیس سال تک یہاں بیٹھے رہیں۔ ہمارا شہر بہت محفوظ ہے۔ اس میں کسی چیز کی کمی نہیں ہے۔"

وہ ذرا ٹھہر کے پھر بولا:

"ہاں ایک شخص ہے جو تمھارے نبی کا صحابی ہوگا۔ وہ جب آئے گا تو ہم خود شہر کو اس کے حوالے کردیں گے اور جزیہ دینا منظور کرلیں گے۔ ہم اس کو اچھی طرح پہچان لیں گے۔ اس کا نام و نسب، اس کی عمر وغیرہ سب ہماری کتابوں میں درج ہے۔"

آپ نے پوچھا:

"اس شخص کی کچھ نشانیاں بیان کرو تاکہ ہم اپنے اندر دیکھ لیں کہ وہ کون ہے۔"

اس نے کہا:

"میں تمھیں ساری نشانیاں تو نہیں بتا سکتا البتہ چند بتا دیتا ہوں:

* بادشاہ نہیں ہوگا
* نہایت سادہ ہوگا
* عدل کرنے والا ہوگا
* غلام کے ساتھ سواری میں برابری کرے گا
* دنیاوی شان و شوکت سے دور ہوگا

اس کے علاوہ اور بھی علامات ہیں جو میں وہ تمھارے اندر نہیں دیکھ رہا۔"

آپ نے جب یہ سنا تو بے ساختہ مسکرائے اور کہا:

"ربِ کعبہ کی قسم! ہم نے یہ شہر فتح کرلیا۔"

پھر آپ نے فرمایا:

"اگر وہ شخص تمھارے سامنے آجائے تو تم پہچان لو گے؟"

اس نے کہا

"کیوں نہیں۔ ہمیں اس کی تمام علامات اچھی طرح ذہن نشین ہیں۔"

آپ نے فرمایا:

"یہی تو وہ شخصیت ہیں جو مسلمانوں کے حکمران ہیں اور ہم انھیں امیر المؤمنین عمر بن خطاب کہتے ہیں۔"

اس نے کہا:

"اگر ایسا ہے تو پھر ہماری بات سچ ثابت ہوگئی۔ لہٰذا جنگ بند کریں اور اپنے امیر المؤمنین کو یہاں بلا لیں۔ جس وقت ہم ان کو دیکھ لیں گے اور پہچان لیں گے تو شہر کے دروازے کھول دیں گے۔"

آپ نے فرمایا:

"ٹھیک ہے۔ ہم ان کو خط بھیج کر یہاں بلا لیتے ہیں۔"

اس کے بعد پوپ اپنے کلیسا کی طرف روانہ ہوگیا اور آپ لشکر میں تشریف لے آئے۔

آپ نے لوگوں کو جمع کیا اور پوپ کے ساتھ ہونے والی ساری گفتگو ان کے سامنے رکھی۔ آپ کی بات سن کر پورا لشکر تکبیر و تہلیل کی آوازوں سے گونج گیا۔ لوگوں نے کہا:

"حضرت! ابھی خط لکھیے اور امیر المؤمنین کی خدمت میں بھیجیے۔"

علامہ واقدی لکھتے ہیں کہ حضرت شرحبیل بن حسنہؓ بولے:

"امیر محترم! ایسے کرتے ہیں کہ حضرت خالد بن ولیدؓ کو ان کے سامنے پیش کرتے ہیں، یہ بھی حضرت امیر المؤمنین کے مشابہ ہیں تو پتا چل جائے گا کہ یہ پوپ سچ بول رہا ہے یا جھوٹ۔ امیر المؤمنین بھی خواہ مخواہ اتنے لمبے سفر کی تکلیف سے بچ جائیں گے۔"

چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ جب پوپ نے آپ کو دیکھا تو کہا:

"نہیں۔ یہ وہ شخص نہیں ہے۔ یہ اس کے مشابہ ضرور ہے مگر وہ نہیں ہے۔"


اس کے بعد مسلمانوں نے متفقہ فیصلہ کیا کہ حضرت امیر المؤمنین کو خط لکھ کر اسی وقت روانہ کردیا جائے۔ چنانچہ حضرت امین الامتؓ نے ایک خط امیر المؤمنین سیدنا عمر فاروقؓ کی خدمت میں لکھا اور ایک تیز رفتار قاصد کے ذریعے روانہ کردیا۔ علامہ واقدی نے لکھا یہ قاصد حضرت میسرہ بن مسروق العبسیؓ تھے۔

(جاری ہے)

ماخوذ از فتوح الشام للواقدی اردو ترجمہ
تسہیل و تلخیص: محمد عثمان انصاری

# حضرت عمر بن الخطابؓ کا

# حضرت خالد بن ولید کو سپہ سالاری سے معزول کرنا




حضرت خالد بن ولید کی معزولی تاریخِ اسلام کا ایک انتہائی اہم اور نمایاں واقعہ ہے، جس پر ہر مسلمان کو غور و فکر کرنا چاہیے۔ وہ کیا اسباب تھے جنہوں نے حضرت عمرؓ کو اس بات پر ابھارا کہ وہ خالد بن ولیدؓ کو شام میں فوج کی قیادت سے ہٹادیں؟

وفاتِ صدیقؓ کے بعد حضرت عمرؓ کا حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ کے نام خط

ابن عساکر کی "تاریخِ دمشق" سے اقتباس:

"امابعد! رسول اللہ ﷺ کے خلیفہ ابوبکر صدیقؓ وفات پا چکے ہیں، بے شک ہم اللہ ہی کے لیے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ ابوبکر صدیقؓ پر اللہ کی رحمت اور برکت ہو، جنہوں نے حق کے ساتھ کام کیا، عدل کا حکم دیا، نرمی اور حلم کا راستہ اختیار کیا، اور وہ بڑے باوقار اور حلیم شخص تھے۔ ہم ان کی جدائی اور عام مسلمانوں پر آنے والی اس مصیبت پر اللہ سے اجر کے طالب ہیں۔ میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ اپنی رحمت سے ہمیں تقویٰ پر قائم رکھے، زندگی بھر اپنی اطاعت کی توفیق دے اور موت کے بعد اپنی جنت میں جگہ دے، وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

ہمیں دمشق کے رہنے والوں کے تمہارے ہاتھوں محاصرے کی اطلاع ملی ہے۔ اب میں نے تمہیں مسلمانوں کی جماعت کا والی (امیر) مقرر کیا ہے، لہٰذا تم اپنے دستے حمص، دمشق اور ملکِ شام کے دیگر علاقوں میں روانہ کرو۔ اس معاملے میں اپنی رائے اور اپنے ساتھ موجود مسلمانوں کے مشورے سے کام لو۔ میری یہ بات تمہیں اس بات پر نہ اکسائے کہ تم اپنے لشکر کو خطرے میں ڈال دو کہ دشمن تم پر طمع کرنے لگے۔ جس دستے کی تمہیں ضرورت نہ ہو اسے روانہ کردو اور جس کی محاصرے میں ضرورت ہو اسے روک لو۔ اور جن لوگوں کو روکا جائے ان میں خالد بن ولید بھی ہوں، کیونکہ تم ان سے بے نیاز نہیں ہو سکتے (یعنی ان کی جنگی مہارت کی ضرورت رہے گی)۔"

حضرت ابوعبیدہؓ کا ردعمل اور حضرت معاذؓ سے مشورہ

حضرت عمرؓ کا یہ خط انتہائی نرم لہجے میں تھا، جس میں کوئی براہِ راست سخت حکم نہ تھا۔ جب حضرت ابوعبیدہؓ نے یہ خط پڑھا تو ابوبکر صدیقؓ کی وفات کی خبر پر حیران رہ گئے۔ انہوں نے حضرت معاذ بن جبلؓ کو بلا کر خبر دی، جنہوں نے "انا للہ" پڑھا اور پوچھا: "مسلمانوں کا کیا حال ہے؟" قاصد (یرفاء) نے بتایا کہ ابوبکرؓ نے عمر بن الخطابؓ کو خلیفہ نامزد کیا ہے۔ حضرت معاذؓ نے کہا: "الحمد للہ، انہوں نے صحیح انتخاب کیا۔"

حضرت ابوعبیدہؓ نے قاصد سے کہا: "خالد ایک بہترین امیر ہیں، کفار پر سخت ہیں، اللہ انہیں جزائے خیر دے۔" یہ امت کے امین (ابوعبیدہؓ) کی طرف سے خالد بن ولیدؓ کی اہلیت کی گواہی تھی۔

حضرت ابوعبیدہؓ اور معاذ بن جبلؓ کا حضرت عمرؓ کو جوابی خط

ان دونوں بزرگوں نے حضرت عمرؓ کو ایک نصیحت آموز خط لکھا:

"اے عمر! اب آپ امتِ محمدیہ (خواہ وہ سرخ ہوں یا سیاہ) کے والی بن گئے ہیں۔ آپ کے سامنے دشمن اور دوست، قوی اور ضعیف، شریف اور معمولی سب برابر بیٹھیں گے اور ہر ایک کا آپ پر عدل کا حق ہے۔ اے عمر! سوچیے کہ آپ کا کیا حال ہوگا؟ ہم آپ کو اس دن کی یاد دلاتے ہیں جب تمام راز فاش ہو جائیں گے اور لوگ اس بادشاہِ قہار کے سامنے جھکے ہوں گے جس نے اپنی عظمت سے سب کو مغلوب کر رکھا ہے۔ ہمیں یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اس امت میں ایسے لوگ ہوں گے جو ظاہر میں بھائی ہوں گے لیکن باطن میں دشمن ہوں گے (منافقین یا بری صحبت سے بچنا)۔ ہم اس سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔"

خبر کو چھپانا اور حضرت عمرؓ کا دوسرا خط

حضرت ابوعبیدہؓ نے مصلحتِ وقت کے تحت ابوبکر صدیقؓ کی وفات اور اپنی امارت کی خبر کو چھپائے رکھا تاکہ مسلمانوں کے حوصلے پست نہ ہوں اور دمشق کا محاصرہ متاثر نہ ہو۔ انہوں نے قیادت حضرت خالد بن ولیدؓ کے پاس ہی رہنے دی۔

جب حضرت عمرؓ کو اس کا علم ہوا کہ ابھی تک حکم پر عمل نہیں ہوا، تو انہوں نے دوسرا خط بھیجا:

"اللہ کے بندے عمرؓ کی طرف سے ابو عبیدہ بن الجراح کے نام۔ سلام علیک! میں نے تمہیں مسلمانوں کے امور کا والی مقرر کیا ہے، پس شرم نہ کرو کیونکہ اللہ حق بات کہنے میں نہیں شرماتا۔ میں نے تمہیں خالد کے لشکر پر مقرر کیا ہے، لہٰذا تم فوج کا چارج سنبھالو اور انہیں امارت سے معزول کردو۔"

حضرت خالد بن ولیدؓ کی عظمت اور اطاعت

جب یہ خبر حضرت خالد بن ولیدؓ تک پہنچی، تو وہ حضرت ابوعبیدہؓ کے پاس آئے اور فرمایا:

"اللہ آپ کی مغفرت فرمائے، امیر المومنین کا خط آپ کے پاس آ گیا تھا لیکن آپ نے مجھے بتایا تک نہیں، حالانکہ آپ میرے پیچھے نماز پڑھتے رہے جبکہ حکمرانی آپ کی تھی!"

حضرت ابوعبیدہؓ نے نہایت انکساری سے جواب دیا: "میں نہیں چاہتا تھا کہ آپ کے جنگی منصوبوں میں خلل پڑے یا آپ کا دل ٹوٹے۔ دنیا کی سلطنت میرے پیشِ نظر نہیں ہے، ہم سب بھائی ہیں اور اللہ کے امر پر قائم ہیں۔"

حضرت خالد بن ولیدؓ نے اس فیصلے کو کمالِ صبر سے قبول کیا اور فرمایا: "الحمد للہ جس نے عمر بن الخطاب کو والی بنایا، ابوبکرؓ مجھے عمرؓ سے زیادہ عزیز تھے، لیکن اللہ کا شکر ہے جس نے عمرؓ کو والی بنایا اور پھر میرے دل میں ان کی محبت ڈال دی۔"

معزولی کے اسباب پر ایک نظر

مورخین اور مفکرین کے مطابق حضرت عمرؓ کے اس فیصلے کے پیچھے چند اہم وجوہات تھیں:

عقیدے کی حفاظت: حضرت عمرؓ کو اندیشہ تھا کہ مسلسل فتوحات کی وجہ سے لوگ یہ نہ سمجھنے لگیں کہ فتح صرف خالدؓ کی وجہ سے ملتی ہے۔ وہ چاہتے تھے کہ لوگوں کا توکل صرف اللہ کی ذات پر رہے۔

نرمی اور سختی کا توازن: خالد بن ولیدؓ جنگ میں نہایت سخت اور بے باک تھے، جبکہ حضرت عمرؓ اس مرحلے پر حضرت ابوعبیدہؓ جیسی نرم مزاج اور حکیمانہ قیادت چاہتے تھے تاکہ مفتوحہ علاقوں کے لوگ اسلام کی اخلاقیات سے متاثر ہوکر دین میں داخل ہوں۔

تربیت: یہ اس بات کا ثبوت تھا کہ اسلام میں عہدہ کوئی مقصد نہیں بلکہ ایک ذمہ داری ہے، اور ایک سپاہی کا کام ہر حال میں اطاعت کرنا ہے

**تحریر۔۔۔**

**محمد عثمان انصاری**



# سونا سستا گوشت و مرغ اور سبزیاں مہنگی

## آٹو رکھشا والوں کیلئے بھی صورتحال سونے پے سہاگا

'سونا سستا گوشت و مرغ مہنگا' ہوگیا ہے جبکہ سبزی اور پھل فروشوں کی بھی چاندی ہی چاندی ہے۔ اُدھر آٹو رکھشا والوں کیلئے بھی صورتحال سونے پے سہاگا بن چکی ہے کیونکہ وہ مجبور لوگوں کو لوٹنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے ہیں۔ کشمیر وادی میں گراں بازاری اور ناجائز منافع خوری کی تاریخ بہت پرانی ہے کیونکہ یہاں گزشتہ کئی دہائیوں سے کھانے پینے کے سامان اور دیگر چیزوں کے دام کبھی کنٹرول میں نہیں رہے ہیں۔ خاص طور پر گوشت اور مرغا کا چونکہ کشمیری زیادہ استعمال کرتے ہیں، اس لئے اس کے دام کبھی تنزلی کا نام نہیں لیتے بلکہ ہر گزرتے دن کے ساتھ ساتھ گوشت کے دام ایسے بڑھائے جاتے ہیں جیسے کہ قصاب بے حساب ہوکر گاہکوں کو لوٹنا اپنا بنیادی فرض سمجھتے ہوں۔ تقریبا 3 برس قبل ریاستی سرکار کے دور میں صوبائی حکام نے کوٹھداروں اور قصابوں کے ساتھ صلاح مشورہ کر کے گوشت کے مختلف اقسام کی قیمتیں مقرر کیں لیکن ان قیمتوں پر عمل درآمد تو دور کی بات کوٹھداروں اور قصابوں نے گوشت کی قیمتوں کو ایسے بے لگام بنادیا جیسے کوئی لاپرواہ بچہ اپنے والدین سے بغاوت کر بیٹھا ہو۔ شہر کے مختلف بازاروں میں جا کر قصابوں کی طرف سے گوشت فروخت کئے جانے کے بارے میں جو معلومات حاصل کیں، ان کے مطابق سرینگر شہر میں بغیر اجڑی گوشت فی کلو کی قیمت 500 سے 520 روپے بہ بانگ دہل فروخت کیا جارہا ہے۔ قصابوں سے اس بارے میں بات کی تو انہوں نے گوشت کی قیمتیں بڑھ جانے کیلئے کوٹھداروں کی من مانی کو وجہ بتایا لیکن کوٹھداروں کا ماننا ہے کہ وہ منافع کا فرق رکھ کر ہی قصابوں کو ہول سیل میں بھیڑ بکریاں فروخت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قصاب اب ایسے بے حساب ہو چکے ہیں کہ وہ نہ تو سرکاری اور نہ انتظامیہ کے مقرر کردہ ریٹ لسٹ پر کوئی عمل کررہے ہیں۔ آلو سے لیکر پیاز اور ساگ سے لیکر پالک تک فی کلو 50 تا 80 روپے میں فروخت کی جارہی ہے جبکہ ٹماٹر، مٹر، شملہ مرچی، ساگ، بند گوبی، پیاز پھول گوبی اور ندرو وغیرہ کی قیمتیں اس سے بھی زیادہ رکھی گئی ہیں۔ اس بارے میں کئی ایک صارفین نے بتایا کہ سونا گرچہ سستا ہوگیا ہے لیکن کشمیر میں گوشت اور سبزیاں اتنی مہنگی ہوچکی ہیں کہ غریب لوگ بغیر سبزی کھانا کھانے پر مجبور ہورہے ہیں۔ سبزی فروشوں اور دیگر کھانے پینے کی چیزیں فروخت کرنے والے دکانداروں اور بالخصوص چھاپڑی فروشوں کی کوئی پڑتال نہیں ہوتی ہے تو اس وجہ سے یہ لوگ صارفین سے سبزیوں کے منہ مانگے دام وصول کرلیتے ہیں۔ سبزی فروشوں کی سنیں تو وہ کہتے ہیں کہ انہیں پارمپورہ میں واقع منڈی سے ہی اونچے داموں پر سبزیاں ملتی ہیں اور وہ صارفین سے زیادہ ریٹ وصول کرنے پر مجبور ہو رہے ہیں۔ اس دوران مرغ فروشوں کی من مانیاں شباب پر ہے جبکہ 150 روپے فی کلو کے حساب سے مرغ کے نہیں بلکہ صارفین کے گلے پر چھری پھیرائی جارہی ہے۔ مرغ فروشوں کی مانے تو انہیں فارموں سے ہی اضافی قیمتوں پر فرغ سپلائی کئے جارہے ہیں اور فارم والوں کا ماننا ہے کہ سردیوں کی وجہ سے انہیں کافی نقصانات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور بہت کم سپلائی برآمد ہوتی ہے۔ اسی طرح نان فروش اور دودھ فروشوں کا تو خدا ہی حافظ ہیں کیونکہ ان کا تو کوئی بھی پوچھنے والا نہیں ہے۔ ماہرین اور لیبارٹریوں کی طرف سے غیر معیاری قرار دینے کے باوجود لفافہ بند اور ڈبہ بند دودھ کی قیمتوں میں اضافہ اور سرکار و انتظامیہ کی خاموشی معنی خیز ہے۔ گھر گھر دودھ فروخت کرنے والے تاجروں کی مانے تو چارے میں اضافہ ہوا تاہم دودھ میں، دودھ کتنا اور پانی کتنا ہے اس کا حساب شائد اب وہ بھی بھول چکا ہے۔ اس تمام صورتحال کیلئے اگر ایک لفظ میں ذمہ داری ٹھرائی جائیے تو وہ سرکار کے وہ محکمے ہیں جن کو یہ کام سونپا گیا ہیں جبکہ ان محکموں میں ملازمین موٹی موٹی تنخواہیں بھی وصول کررتے ہیں مگر کام کتنا کرتے ہیں شاید ان سے پوچھا جائے تو ان کو گوارہ نہیں ہوگا۔ اب لیفٹننٹ گورنر کے ہاتھوں میں جب زمام اختیار آیا ہیں تو دیگر معاملات کی طرح عام لوگوں سے جڑے ہوئے ان معاملات کا پوسٹ مارٹم بھی اگر ہوتا تو غیرب عوام کو اسکا استفادہ مل ہی جاتا۔

# جان لیوا بیماریوں میں ہوشربا اضافہ

ریاست خاص کر وادی کشمیر کو برسٹ کینسر، بلڈ شوگر، نفسیاتی اور عارض قلب کی بیماریوں نے بری طرح سے اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے ریاست میں آل انڈیا میڈیکل انسٹی چیوٹ کی طرز پر دو انسٹی چیوٹوں کا قیام عمل میں لانے کا خواب چکنا چور ہوکر رہ گیا ہے مہلک اور جان لیوا بیماریوں کے بروقت علاج کیلئے ریاست میں طبی مراکز کی شدید کمی محسوس کی جارہی ہے۔

اس بات کا سنسنی خیز انکشاف ہوا ہے کہ سال 2018 کے دوران برسٹ کینسر کی مہلک بیماری میں مبتلا 340 کے قریب خواتین کو صورہ میڈیل انسٹی چیوٹ پہنچادیا گیا تاہم اس مہلک بیماری میں مبتلا خواتین کی تعداد اس سے زیادہ بھی ہوسکتی ہے اور اس کی بڑی وجہ دور دراز علاقوں میں رہنے والی خواتین کو وہ طبی سہولیات دستیاب نہیں ہے جو اس کیلئے ضرورت ہے اور ان علاقوں میں نیم حکیم خطرہ جان افراد ڈاکٹروں کی خدمات انجام دے کر بیماروں کا علاج کیا کرتے ہے۔ کینسر بیماری کی ماہر ڈاکٹر سنیالی کا کہنا ہے کہ وادی کشمیر میں ہی نہیں بلکہ پورے بھارت میں اس بیماری نے ایک ایسا سنگین رخ اختیار کیا ہے جو دن بدن قابو سے باہر ہوتا جارہا ہے۔ مذکورہ ڈاکٹر کا کہنا تھا کہ شادی شدہ خواتین کی جانب سے اپنے بچوں کو دودھ نہ پلانے اور شادی کی عمر ڈھل جانے کے ساتھ ساتھ فاسٹ فوڈ اشیاء کھانے سے بھی برسٹ کینسر کی بیماری لاحق ہوسکتی ہے۔ مذکورہ ڈاکٹر کے مطابق شادی شدہ خواتین کو چاہئے کہ وہ کم سے کم دو سے ڈھائے سال تک اپنے نو زائد بچوں کو دودھ پلائے اور دوشیزاؤں کو چاہئے کہ وہ شادی کی طرف سنجیدگی کیساتھ اپنی توجہ مرکوز کرے اور عمر ڈھلنے کا انتظار نہ کرے۔ مذکورہ ڈاکٹر کا کہنا تھا کہ شادی شدہ خواتین کی جانب سے اپنے بچوں کو دودھ نہ پلانے اور شادی کی عمر ڈھل جانے کے ساتھ ساتھ فاسٹ فوڈ اشیاء، کھانے سے بھی برسٹ کینسر کی بیماری لاحق ہوسکتی ہے۔ مذکورہ ڈاکٹر کے مطابق شادی شدہ خواتین کو چاہئے کہ وہ کم سے کم دو سے ڈھائے سال تک اپنے نو زائد بچوں کو دودھ پلائے اور دوشیزاؤں کو چاہئے کہ وہ شادی کی طرف سنجیدگی کیساتھ اپنی توجہ مرکوز کرے اور عمر ڈھلنے کا انتظار نہ کرے۔

کشمیر وادی میں بلڈ ریشر کی بیماری عام ہوچکی ہے اور اس بیماری کی سب سے بڑی وجہ ملاوٹ دار اشیاء، جو ریاست کے اطراف وواکناف میں فروخت ہورہی ہے جبکہ اس بیماری کیساتھ ساتھ دو جدید کے بڑھتے ہوئے چلینجوں نے لوگوں کو نفسیاتی بیماری میں بھی مبتلا کردیا ہے۔ امراض قلب کے ایک ماہرڈاکٹر نے اپنا نام مخفی رکھنے کی شرط پر کہا کہ پوری ریاست میں ہرسال 15 سو کے قریب افراد عارض قلب میں مبتلاء ہونیکی وجہ سے زندگی کی جنگ ہار جاتے ہے جبکہ ہرسال 15-16 ہزار کے قریب اس بیماری کا شکار ہوجاتے ہے جن میں سے 12-13 ہزار کے لوگ دیر یا سویر اپنا علاج تو کراتے ہیں مگر تین سے چار ہزار کے قریب افرد بروقت علاج نہ ملنے کے باعث اس بیماری میں مبتلاء ہونے کے بعد قبرستانوں کی زینت بن جاتے ہیں۔ 2015 میں وزیراعظم ہند نے ریاست کو 80 ہزار کروڑ روپے کے مالی پیکیج کا اعلان کیا تھا اور اس پیکیج سے مرکزی حکومت نے ریاست میں دو کینسر سینٹر اور دو آل انڈیا میڈیکل انسٹی چیوٹ کے طرز پر شفا خانے کا اعلان کیا تھا اراضی حاصل کی گئی پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے دوران رقومات مختص کی گئی مگر دواسپتالوں اور کینسر سینٹروں کا قیام عمل میں لانے کیلئے کوئی کاروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ کشمیر وادی میں بلڈ ریشر کی بیماری عام ہوچکی ہے اور اس بیماری کی سب سے بڑی وجہ ملاوٹ دار اشیاء جو ریاست کے اطراف وواکناف میں فروخت ہورہی ہے جبکہ اس بیماری کیساتھ ساتھ دو جدید کے بڑھتے ہوئے چلینجوں نے لوگوں کو نفسیاتی بیماری میں بھی مبتلا کردیا ہے۔ امراض قلب کے ایک ماہرڈاکٹر نے اپنا نام مخفی رکھنے کی شرط پر کہا کہ پوری ریاست میں ہرسال 15 سو کے قریب افراد عارض قلب میں مبتلاء ہونیکی وجہ سے زندگی کی جنگ ہار جاتے ہے جبکہ ہرسال 15-16 ہزار کے قریب اس بیماری کا شکار ہوجاتے ہے جن میں سے 12-13 ہزار کے لوگ دیر یا سویر اپنا علاج تو کراتے ہیں مگر تین سے چار ہزار کے قریب افرد بروقت علاج نہ ملنے کے باعث اس بیماری میں مبتلاء ہونے کے بعد قبرستانوں کی زینت بن جاتے ہیں۔ 2015 میں وزیراعظم ہند نے ریاست کو 80 ہزار کروڑ روپے کے مالی پیکیج کا اعلان کیا تھا اور اس پیکیج سے مرکزی حکومت نے ریاست میں دو کینسر سینٹر اور دو آل انڈیا میڈیکل انسٹی چیوٹ کے طرز پر شفا خانے کا اعلان کیا تھا اراضی حاصل کی گئی پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے دوران رقومات مختص کی گئی مگر دواسپتالوں اور کینسر سینٹروں کا قیام عمل میں لانے کیلئے کوئی کاروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ کشمیر وادی میں بلڈ ریشر کی بیماری عام ہوچکی ہے اور اس بیماری کی سب سے بڑی وجہ ملاوٹ دار اشیاء جو ریاست کے اطراف وواکناف میں فروخت ہورہی ہے جبکہ اس بیماری کیساتھ ساتھ دو جدید کے بڑھتے ہوئے چلینجوں نے لوگوں کو نفسیاتی بیماری میں بھی مبتلا کردیا ہے۔ امراض قلب کے ایک ماہرڈاکٹر نے اپنا نام مخفی رکھنے کی شرط پر کہا کہ پوری ریاست میں ہرسال 15 سو کے قریب افراد عارض قلب میں مبتلاء ہونیکی وجہ سے زندگی کی جنگ ہار جاتے ہے جبکہ ہرسال 15-16 ہزار کے قریب اس بیماری کا شکار ہوجاتے ہے جن میں سے 12-13 ہزار کے لوگ دیر یا سویر اپنا علاج تو کراتے ہیں مگر تین سے چار ہزار کے قریب افرد بروقت علاج نہ ملنے کے باعث اس بیماری میں مبتلاء ہونے کے بعد قبرستانوں کی زینت بن جاتے ہیں۔ 2015 میں وزیراعظم ہند نے ریاست کو 80 ہزار کروڑ روپے کے مالی پیکیج کا اعلان کیا تھا اور اس پیکیج سے مرکزی حکومت نے ریاست میں دو کینسر سینٹر اور دو آل انڈیا میڈیکل انسٹی چیوٹ کے طرز پر شفا خانے کا اعلان کیا تھا اراضی حاصل کی گئی پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے دوران رقومات مختص کی گئی مگر دواسپتالوں اور کینسر سینٹروں کا قیام عمل میں لانے کیلئے کوئی کاروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ کشمیر وادی میں بلڈ ریشر کی بیماری عام ہوچکی ہے اور اس بیماری کی سب سے بڑی وجہ ملاوٹ دار اشیاء جو ریاست کے اطراف وواکناف میں فروخت ہورہی ہے جبکہ اس بیماری کیساتھ ساتھ دو جدید کے بڑھتے ہوئے چلینجوں نے لوگوں کو نفسیاتی بیماری میں بھی مبتلا کردیا ہے۔ امراض قلب کے ایک ماہرڈاکٹر نے اپنا نام مخفی رکھنے کی شرط پر کہا کہ پوری ریاست میں ہرسال 15 سو کے قریب افراد عارض قلب میں مبتلاء ہونیکی وجہ سے زندگی کی جنگ ہار جاتے ہے جبکہ ہرسال 15-16 ہزار کے قریب اس بیماری کا شکار ہوجاتے ہے جن میں سے 12-13 ہزار کے لوگ دیر یا سویر اپنا علاج تو کراتے ہیں مگر تین سے چار ہزار کے قریب افرد بروقت علاج نہ ملنے کے باعث اس بیماری میں مبتلاء ہونے کے بعد قبرستانوں کی زینت بن جاتے ہیں۔ 2015 میں وزیراعظم ہند نے ریاست کو 80 ہزار کروڑ روپے کے مالی پیکیج کا اعلان کیا تھا اور اس پیکیج سے مرکزی حکومت نے ریاست میں دو کینسر سینٹر اور دو آل انڈیا میڈیکل انسٹی چیوٹ کے طرز پر شفا خانے کا اعلان کیا تھا اراضی حاصل کی گئی پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے دوران رقومات مختص کی گئی مگر دواسپتالوں اور کینسر سینٹروں کا قیام عمل میں لانے کیلئے کوئی کاروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ کشمیر وادی میں بلڈ ریشر کی بیماری عام ہوچکی ہے اور اس بیماری کی سب سے بڑی وجہ ملاوٹ دار اشیاء جو ریاست کے اطراف وواکناف میں فروخت ہورہی ہے جبکہ اس بیماری کیساتھ ساتھ دو جدید کے بڑھتے ہوئے چلینجوں نے لوگوں کو نفسیاتی بیماری میں بھی مبتلا کردیا ہے۔ امراض قلب کے ایک ماہرڈاکٹر نے اپنا نام مخفی رکھنے کی شرط پر کہا کہ پوری ریاست میں ہرسال 15 سو کے قریب افراد عارض قلب میں مبتلاء ہونیکی وجہ سے زندگی کی جنگ ہار جاتے ہے جبکہ ہرسال 15-16 ہزار کے قریب اس بیماری کا شکار ہوجاتے ہے جن میں سے 12-13 ہزار کے لوگ دیر یا سویر اپنا علاج تو کراتے ہیں مگر تین سے چار ہزار کے قریب افرد بروقت علاج نہ ملنے کے باعث اس بیماری میں مبتلاء ہونے کے بعد قبرستانوں کی زینت بن جاتے ہیں۔ 2015 میں وزیراعظم ہند نے ریاست کو 80 ہزار کروڑ روپے کے مالی پیکیج کا اعلان کیا تھا اور اس پیکیج سے مرکزی حکومت نے ریاست میں دو کینسر سینٹر اور دو آل انڈیا میڈیکل انسٹی چیوٹ کے طرز پر شفا خانے کا اعلان کیا تھا اراضی حاصل کی گئی پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے دوران رقومات مختص کی گئی مگر دواسپتالوں اور کینسر سینٹروں کا قیام عمل میں لانے کیلئے کوئی کاروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ کشمیر وادی میں بلڈ ریشر کی بیماری عام ہوچکی ہے اور اس بیماری کی سب سے بڑی وجہ ملاوٹ دار اشیاء جو ریاست کے اطراف وواکناف میں فروخت ہورہی ہے جبکہ اس بیماری کیساتھ ساتھ دو جدید کے بڑھتے ہوئے چلینجوں نے لوگوں کو نفسیاتی بیماری میں بھی مبتلا کردیا ہے۔ امراض قلب کے ایک ماہرڈاکٹر نے اپنا نام مخفی رکھنے کی شرط پر کہا کہ پوری ریاست میں ہرسال 15 سو کے قریب افراد عارض قلب میں مبتلاء ہونیکی وجہ سے زندگی کی جنگ ہار جاتے ہے جبکہ ہرسال 15-16 ہزار کے قریب اس بیماری کا شکار ہوجاتے ہے جن میں سے 12-13 ہزار کے لوگ دیر یا سویر اپنا علاج تو کراتے ہیں مگر تین سے چار ہزار کے قریب افرد بروقت علاج نہ ملنے کے باعث اس بیماری میں مبتلاء ہونے کے بعد قبرستانوں کی زینت بن جاتے ہیں۔ 2015 میں وزیراعظم ہند نے ریاست کو 80 ہزار کروڑ روپے کے مالی پیکیج کا اعلان کیا تھا اور اس پیکیج سے مرکزی حکومت نے ریاست میں دو کینسر سینٹر اور دو آل انڈیا میڈیکل انسٹی چیوٹ کے طرز پر شفا خانے کا اعلان کیا تھا اراضی حاصل کی گئی پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے دوران رقومات مختص کی گئی مگر دواسپتالوں اور کینسر سینٹروں کا قیام عمل میں لانے کیلئے کوئی کاروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔

---

# وطن

## دور دراز علاقوں میں سرکاری اسکولوں کی حالت ناگفتہ بہہ

جموں کشمیر میں جہاں سرکار ایک طرف لوگوں پر زور دے رہی ھے کہ وہ اپنے بچوں کا داخلہ سرکاری اسکولوں میں کروائے وہی دوسری طرف سرکاری سکولوں کی حالت کچھ بہتر دیکھائی نہیں دے رہی ھے کہی سکولوں کی عمارتیں خستہ ھوچکی ھیں جہاں جانور بھی رہنا گوارہ نہیں سمجھتے تاھم مجبوری کے مارے طلبہ ان عمارتوں میں ہی اپنی تعلیم جاری رکھے ھوئے ھیں اسکول ایک دانشگاہ ہے جہاں سے علمی روشنیاں حاصل کی جاتی ہیں علم سے انسان ترقی کرتا ہے گاؤں سیڑھی خواجہ ناڑی محلہ کھوکھراں پرائمری اسکول شکشا ابھیان سے ترقی کر کے جوں ہی اسکول بنا گورنمنٹ نے تعمیر کے لئے فنڈ دیا جس سے جگہ وقف کرنے والے ڈونر اور نیک ذمہ دار ٹیچرز اور فکر مند محکمہ اور دور اندیش jE نے ایسی بلڈنگ تعمیر کی وہ تاج محل کو پیچھے کرنے لگی اور آٹھواں عجوبہ بن گ ء اسی حوالے سے منیر حسین کھٹانہ نے آل انڈیا ہومن رائٹ ایسوسیشن کے پبلسٹی آفیسر عبدالحفیظ قوالی کو بتاتے ہوئے کہا کہ قریب سے بہنے والے نالے سے ہی باجری اور ریت مل گ ء کچھ سیمنٹ ڈال کر جس کا بہترین کیچڑ بن جاتا تھا جو ایک سال تک نہیں چو یا اس کے بعد لگاتار بارش کا سارا پانی جگہ جگہ سے اندر ہی ٹپکتا ہیراستہ اس، اسکول میں کسی جانب سے راستہ نہیں ہے جہاں سے اسکول میں داخل ہونے کا راستہ تھا وھاں ماہر انجینئر نے ایک چھوٹے سے کیچن کا ڈھانچہ کھڑا کر کے اسکول کو بند کردیا ذمیدار اساتذہ جانتے ہوں گے کہ بچوں کو اسکول میں جب چھٹی ہوتی ہے تو اس وقت کیا حالت ہوتی ہے اور بچوں کو کس قسم کا راستہ درکار ہوتا، ہیکیچن کو آگ لگ کر ایک مرتبہ جل گیا تھا اس جلنے کا فائدہ محلے والوں کو یہ ہوا کہ کیچن پر ٹین کی جو چادریں تھیں وہ پورے گاؤں والوں کو کام آنے لگیں خاص طور پر بیاہ شادی میں ٹوائلٹ ایک برساتی کسی پر بنا ہوا ہے جس کا نہ کوء سیفٹی ٹینک ہے نہ سیٹ لگی ہے نہ پانی کی پائپ نا واٹر ٹینک ہیا لبتہ سانپ یا چوہوں کے لیئے ایک ڈھانچی ہیکمال ہے اس، jE کا جس نے اپنی حکومت سے وفاداری کرتے ہوئے اور اپنا فرض منصبی نبھاتے ہوئے اس کو بنوایا سردی میں نیچے بچھانے کے ٹاٹ بوسیدہ ہوگئے فرش اکھڑ کر باجری باہر آ گئی جس سے چھوٹے بچوں کو سخت تکلیف ہوتی ہے ایسا لگتا ہے یہ بچے کسی انسان کے نہیں بلکہ جانوروں کے ہیں

بلکہ جانوروں کے لیے اب تو گرم اینٹین بچھائی جاتی ہیں میٹینگ کے لیے جو پیسہ آتا ہے وہ ڈونر اور ذمہ دار ٹیچر ہڑپ کر جاتے ہیں اسی وجہ سے اسکول کی کوئی مینیجمنٹ کمیٹی بھی نہیں ہیاس اسکول میں کوئی کھیل کود کی جگہ بھی نہین (Groundplay) جگہ وقف کرنے والوں نے سرکاری پیسے سے منافع کی لالچ میں کچھ جگہ لکھ کر دی ہوئی ہے لیکن موقع پر اس میں، موسمی فصل ہی کاشت کرتے ہیں اور حکومتی منافع اور نوکریوں پر بھی کنٹرول کی اتنی کوشش رہتی ہیدو باورچیوں کی نوکری کے باوجود ایک کلینر کی نوکری کا جھگڑا عدالت میں زیر سماعت ہیپڑھانے والے ٹیچر پہلے عارضی تھے یا RT تھے لوگ خاموش رہے کہ اگر کوء آواز اٹھائیں تو شاید ان کو نوکریاں نہ ملیں اس کا صلہ بھی گاؤں والوں کو یہ ملا کہ ان ٹیچرز کے سامنے یا ان کی مرضی اور خواہش سے قوم کا نقصان ہوتا رہا اور وہ برابر کے شریک رہے اور پوچھنے پر مکہ اور مدینہ کی قسمیں بھی کھاتے رہے۔ کلینر کی ویکنسی آئی استاد نے ایک آدمی سے پیسے لئے دفتر میں بیٹھے غریب بابوں کے لئے اور فارم کسی اور کا لگا دیا جس کا کیس عدالت میں چل رہا ہے۔

اس طرح اس عجوبہ کی داستان کو بیان کرنے کیلئے لفظوں کی کمی نہیں محکمہ تعلیم کے اعلیٰ آفیسران کو چاہیے کہ وہ ایسے اسکولوں کی طرف توجہ دے حالانکہ کہ ان سب چیزو کا زون لیول کے آفیسران کو علم ھوتا ھے لیکن کہی نہ کہی پردہ پوشی ہورہی ہے لوگوں کا کہنا ھے کہ محکمہ تعلیم ZRP یا ZEO صاحب بھی موقع پر آ کر ہماری سچای کا امتحان لے سکتے ھیں۔ چیف ایجوکیشن آفیسران کو چاھیے کہ وہ دفتروں سے باہر نکل کر دیکھے کہ کیا جس ضلع میں وہ تعلیمی نظام کی دیکھ بال کے لیے تعنات کیے گیے ھیں کیا واقعی وہاں تعلیم کا نظام ٹھیک چل رہا ھے کہی اضلاع کے دیہاتی علاقوں میں اسکولی عمارتوں کی حالت بہتر نہیں ھے اور محکمہ بھی کسی قسم کی توجہ نہیں دے رہا ھے چونکہ اُن لوگوں کی اواز اُٹھانے والا کوئی نہیں اور نہ وہاں تک میڈیا کی رسائی ھوتی ھے محکمہ آفیسران مہینہ گزرنے پر سرکار سے تنخواہ کی موٹی رقم وصول کر کے اپنوں طرفوں میں بیٹھ کر گپ شپ میں مصروف ھوجاتے ھیں وقت کہ ضرورت ھے کہ آفیسران دفتروں سے باھر نکل کر اسکولوں میں ھورھے کام کاج کا جائیزہ لے۔

